© rasailojaraid.com

امور عالم اسلام

محمود احمد غازی

فرانس: عظیم اسلامی مفکر جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے پیرس میں ایک گرجا کی عمارت صرف کثیر سے خریدی ہے۔ اس عمارت میں ڈاکٹر صاحب ایک مسجد اور ایک اسلامی علمی ادارہ قائم کریں گے، جہاں نو مسلم فرانسیسیوں کو اسلام کی تعلیم دی جائے گی اور ان کو آئندہ تبلیغ کے لئے تیار کیا جائے گا۔ توقع ہے کہ یہ ادارہ مسلمانان یورپ اور خصوصاً مسلمانان فرانس کے لئے ایک عظیم علمی، ثقافتی اور تربیتی مرکز کا کام دے گا۔ اللہ تعالی اس نیک اور عظیم خدمت میں ڈاکٹر صاحب کو بیش از بیش کامیابی عطا فرمائے اور ان کے اس کام کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین۔

کویت: وزارت اوقاف نے افریقہ میں تبلیغ اسلام اور دینی تعلیم و تربیت کی ایک وسیع اور ہمہ گیر اسکیم مرتب کی ہے، گذشتہ دنوں کویت کابینہ نے اس پوری اسکیم کا جائزہ لیا اور اس کے بہت سے حصوں کی منظوری دی، بقیہ حصوں پر آئندہ غور ہوگا۔ ہمیں امید ہے کہ دوسری اسلامی حکومتیں بھی اس عمدہ مثال کی پیروی کریں گی۔

جاپان: گذشتہ جمادی الثانی (مطابق جولائی) کے دوران یہاں کی تمام مسلم تنظیموں کا ایک اہم اجتماع ٹوکیو میں منعقد ہوا جس میں دوسری تنظیموں کے علاوہ جاپان کی پاکستان سوسائٹی نے بھی شرکت کی۔ یہ اجتماع مکہ مکرمہ میں گذشتہ ربیع الانور میں رابطہ عالم اسلامی کی دعوت پر منعقد ہونے والی اسلامی تنظیموں کی منظورہ قرار دادوں اور سفارشات کی صدائے بازگشت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کیوٹو اس اجتماع میں جاپان کے اسلامی مرکز کی حیثیت ترکیبی پر غور کیا گیا اور اس کا نظم و نسق چلانے کے لئے ایک مجلس قائم کی گئی جس میں پاکستان کے جناب حسین خان بھی شامل ہیں۔ جاپان کے پروفیسر حاجی عبدالکریم سائیو کو اسلامی مرکز جاپان کا معتمد عمومی، سعودی عرب کے ڈاکٹر صالح سامرائی کو معاون معتمد عمومی اور سوڈان کے جناب موسی محمد عمر کو خازن منتخب کیا گیا۔

سوڈان : یہاں ایک اسلامی بنک کے قیام کا فیصلہ کیا گیا ہے یہ بینک امسال ستمبر سے کام شروع کردے گا۔ بنک میں کام کرنے کے لئے مناسب عملہ اور ماہرین کی فراہمی اور انتخاب کا کام جاری ہے۔ یہ انتخاب ایک خصوصی کمیٹی کر رہی ہے جس میں جدہ کے بین الاقوامی اسلامی بنک کا ایک نمائندہ بھی شامل ہے۔

بلجیم : بلجیم کی حکومت نے اسلام کو سرکاری طور پر تسلیم شدہ مذاہب میں شامل کرلیا ہے۔ اس سے قبل فن لینڈ کی حکومت بھی ایسا اقدام کر چکی ہے۔ بلجیم کی اسلامی کمیونٹی کے سربراہ نے حکومت بلجیم کے اس اقدام کو سراہا ہے اور بتایا ہے کہ اب اسلامی ثقافتی تنظیموں اور مراکز کو بھی حکومت کی طرف سے مالی امداد ملا کرے گی اور ائمہ مساجد بھی سرکاری خزانہ سے تنخواہ پایا کریں گے۔

ملائشیا : یہاں بھی بالآخر تمام طبی تنظیموں، اداروں اور مراکز کے نشان کے طور پر صلیب احمر (ریڈ کراس) کی جگہ ہلال احمر کو اختیار کرلیا گیا ہے۔ ہم اس اقدام پر حکومت ملائشیا کو مبارکباد دیتے ہیں۔

نائیجیریا : عبادان کے ایک مخیر تاجر جناب الحاج بللو نے اپنی جیب خاص سے تقریباً ۵ لاکھ روپیہ کی خطیر رقم صرف کرکے ایک اسلامی مدرسہ تعمیر کرایا ہے،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جہاں مسلمان بچوں کو عربی اور اسلامیات کی تعلیم دی جائے گی۔ نائیجیریا کے بعض عیسائی لوگوں نے بھی اپنے بچوں کو اسلام قبول کراکے اس مدرسہ میں داخل کرایا ہے، خدا کرے یہ مدرسہ دن دونی رات چوگنی ترقی کرے۔

کنیڈا: یہاں کی تمام اسلامی تنظیموں کا ایک اہم اجتماع شہر ٹورونٹو میں منعقد ہوا۔ اس اجتماع میں گذشتہ ربیع الانور میں رابطہ عالم اسلامی کی دعوت پر مکہ مکرمہ میں منعقد ہونے والی اسلامی تنظیموں کی منظورہ قرار دادوں اور فیصلوں پر غور کیا گیا اور ان پر عمل درآمد کے لئے مناسب اقدامات تجویز کئے گئے۔

© rasailojaraid.com